22033 - رافضی شیعہ کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرنے کا حکم

سوال

ہم دو سنی اور ایک شیعہ ایک ہی جگہ پر ملازمت کرتے ہیں، میں نے سنا ہے کہ شیعہ مسلمان نہیں، ہم اکٹھے باجماعت نماز ادا کرنا چاہتے ہیں تو کیا ہم تینوں نماز جماعت ادا کر لیں یا کہ ہم دونوں ہی ادا کریں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو یہ شخص (شیعہ) شیعہ والے عقائد رکھتا ہو یعنی صحابہ کرام کو کافر کہے، اور ابو بکر و عمر وغیرہ رضی اللہ تعالی عنہم سے بغض رکھے، اور اس اسی طرح باقی فاسد قسم کے شیعی عقائد رکھتا ہو تو اسے حق بتایا جائے اور اسے حق کی دعوت دی جائے، اگر تو وہ اپنے عقائد سے رجوع کر لے تو ٹھیک تو اس طرح وہ آپ کے ساتھ نماز ادا کرے گا.

لیکن اگر وہ حق بیان کرنے کے بعد بھی رجوع نہیں کرتا اور اپنے باطل عقائد پر رہتا ہے تو اس کے ساتھ نماز ادا نہیں کی جائیگی، بلکہ آپ دونوں علیحدہ نماز ادا کریں.

لیکن اگر وہ یہ عقیدہ رکھے کہ شیعہ ہے (لیکن وہ کفریہ عقائد نہ رکھتا ہو) بلکہ ابو بکر و عمر وغیرہ صحابہ کرام سے محبت رکھے اور ان کے لیے رضی اللہ تعالی عنہم کی دعا کرے تو پھر وہ شخص تمہارے ساتھ نماز ادا کر سکتا ہے، اور اس پر کفر کا حکم نہیں لگایا جائیگا.